# مطبوعات

**شیطان کی حسین آرزوؤں کے دلفریب مناظر** | **مؤلف:** جناب محمد ریاض راضی۔ ناشر: مکتبۂ چراغِ اسلام ۵/۱ قذافی مارکیٹ۔ اُردو بازار لاہور۔ صفحات: ۲۰۸، **قیمت:** ۴۲/- روپے۔

مَیں تیرے بندوں کو گمراہ کرنے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگاؤں گا۔ اُن کے آگے، پیچھے، دائیں، بائیں، ہر طرف سے ہر طرح کے فریب سے اُنھیں بہکانے اور پھسلانے کی اپنی پوری کوشش کروں گا۔ قرآن میں اس کا بڑا حربہ تزئین گناہ، نافرمانی بیان کیا گیا ہے۔

ابن آدم اور ذریت ابلیس کے مابین خیر و شر کی یہ معرکہ آرائی ابتدائے آفرینش سے جاری ہے اور رہتی دُنیا تک جاری رہے گی۔ اس کے پروگرام سے شناسائی کے لیے قرآن مجید نے مختلف آیات و مقامات میں آدم و ابلیس کی جو مکالماتی سرگذشت بیان کی ہے۔ وہ بڑی حد تک اس کتاب میں جمع کر دی گئی ہے۔

قابلِ توجہ بات...... آیات پوری احتیاط سے کتابت نہیں ہوئیں۔ اور نہ تصحیح کا پورا اہتمام و بندوبست کیا گیا ہے۔ مثلاً ص ۱۱ پر لفظ فَاهَبِطُ ہے جو دراصل فَاهْبِطْ ہونا چاہیے۔ ساتھ ہی ان تتکبر منہا نہیں فِيهَا ہونا چاہیے۔ اسی صفحہ پر انظرنی یوم یبعثون درج ہے، حالانکہ یوم سے پہلے اِلٰی ہونا چاہیے۔ ص ۱۳ پر ــــ فسجدوا الملئکۃ درج ہے، اس میں واؤ کا کوئی مقام نہیں۔ اسی صفحہ پر خَلَقْتُ بِيَدَىَّ درج ہے، یہاں ت پر زبر نہیں پیش ہے۔ اسی صفحہ پر آنَا

خیبو درج ہے جو ناخیرٌ ہے۔ صفحہ ۱۴ پر رَبِّ اَنظِرنِی اِلیٰ یوم درج ہے۔ جو رَبِّ اَنظِرنِی اِلیٰ یَومِ یُبعَثُونَ ہے۔ اور ص ۱۵ پر لَمَنَۃً درج ہے جو لَمَۃً ہے۔ ص ۲۴ پر فَاِنْ اَنسَتُو کے بجائے فَاِنْ اَنسَتُم ہونا چاہیے۔

پوری کتاب میں بے شمار غلطیاں ہیں۔ جن کی تصحیح بہت ضروری ہے۔ کیوں کہ موجودہ صورت میں آیات کے معنی بدل جاتے ہیں۔ کتاب کی ایک جدت بھی سامنے آئی ہے وہ یہ کہ ہر آیت سے پہلے تعوذ اور تسمیہ کا التزام بڑی احتیاط اور شدت سے کیا گیا ہے۔

(ع۔د)

---

**نقوشِ ہدایت** | مصنف: سراج الدین ندوی صاحب۔ ناشر: مرکزی مکتبہ اسلامی دہلی۔ صفحات: ۸۰ قیمت: ۵/- روپے۔

جناب سراج الدین صاحب ندوی کا تالیف کردہ ۸۰ صفحات پر مشتمل بظاہر ایک مختصر سا کتابچہ ہے جس میں زندگی کے ہر شعبہ کے بارے میں قرآن اور حدیث کے حوالہ سے نہایت قیمتی اور مفید معلومات جمع کی گئی ہیں۔ مثلاً توحید کے تقاضے، اطاعت رسولؐ، تصورِ آخرت، دعوت و تبلیغ، اسلامی اجتماعیت، تعلیم و تربیت، معاشیات، عدالتِ اسلامی، سیاسیات، اخلاقی محاسن، اخلاقی رذائل وغیرہ عنوانات کے تحت پہلے قرآنی آیات، پھر رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث بیان کی گئی ہیں۔ موصوف نے حقیقت میں کوزے میں دریا بند کر دیا ہے۔

آخر میں ایک اہم فروگذاشت کی نشاندہی بھی نہایت ضروری ہے۔ کتابچہ کے ص ۶۱ پر طلب العلم فریضۃ علیٰ کل مسلم و مسلمۃ درج ہے۔ نیچے حوالہ بخاری کا دیا گیا ہے۔ یہ حدیث بخاری میں کہیں بھی نہیں ہے، بلکہ یہ ابن ماجہ کی روایت ہے۔ ابن ماجہ کی روایت میں بھی طلب العلم فریضۃ علیٰ کل مسلم ہے۔ مسلمۃ کا لفظ وہاں بھی منقول نہیں ہے۔ حوالہ اور متن درج کرتے وقت بڑی احتیاط کی ضرورت ہے۔

(ع۔د)

| | |
|---|---|
| قرآن مجید کے تراجم جنوبی ہند کی زبانوں میں | مؤلف : مظہر ممتاز قریشی - ناشر: بہادر یار جنگ اکادمی کراچی - ضخامت : ۱۶۰ صفحات - قیمت: ۳۰/- روپے |

یہ حقیقت، بلکہ بدیہی حقیقت ہے کہ اسلام عالمگیر اور ہمہ گیر دین ہے۔ اس کی بنیادی تعلیمات کا مجموعہ قرآن مجید ہے۔ قرآن کلام الٰہی ہے، کسی فرد بشر یا مخلوق کا کلام نہیں۔ لاریب اس میں کسی قسم کے شک وشبہ کی قطعاً گنجائش نہیں۔ ذالک الکتاب لاریب فیہ۔

بنی نوع انسان تک اس کی اساسی و بنیادی تعلیمات پہنچانے کے لیے ناگزیر تھا کہ اس کے معانی و مطالب عربی زبان سے دوسری زبانوں میں بیان کیے جائیں، تاکہ براہ راست آشنائی نہ رکھنے والے لوگ اپنی اپنی ملکی اور علاقائی زبان میں اس کے پیغام و دعوت کو سمجھ سکیں۔

قرآن مجید کے تراجم دنیا کی ہر زبان میں کیے جا رہے ہیں۔ اب تک کی معلومات کی حد تک تقریباً ۵۶ زبانوں میں مکمل اور ۵ ۶ زبانوں میں نامکمل تراجم ہو چکے ہیں — قرآن کے تراجم جنوبی ہند کی زبانوں گجراتی، تیلگو، کنڑی، تامل، ملیالم اور مراٹھی میں کیے جا چکے ہیں - ان سے مؤلف نے روشناس کرایا ہے۔ مزید برآں قرآن مجید کے مکمل تراجم کی تاریخ اور اس کے تراجم پر سیر حاصل بحث کی ہے۔

قرآن مجید سے لگاؤ اور شغف رکھنے والے طلبا اور طالبات اور دیگر حضرات کے لیے نہایت فائدہ مند کتاب ہے۔ کتابت و طباعت عمدہ اور دلنشین ہے۔

(ع-و)

---

| | |
|---|---|
| یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا | مؤلفہ: خالدہ تنویر - ناشر: یمین اسلامک پبلشرز - العزیز مارکیٹ ۱۷- اے اردو بازار، لاہور - ضخامت : ۲۴۴ صفحات - قیمت : ۲۱/- روپے |

قرآن مجید سراسر رشد و ہدایت کی کتاب ہے۔ رشد و ہدایت کا کوئی پہلو ایسا نہیں جسے اس میں بیان نہ کر دیا گیا ہو۔ گویا پوری کی پوری ہدایت کا مکمل مجموعہ قرآن مجید ہے۔

یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا کے تحت وہ تمام ہدایات بیان کر دی گئی ہیں جو اہلِ ایمان کی دُنیوی اور اُخروی زندگی کی کامیابی و کامرانی کے لیے ضروری تھیں۔ ایک ایک آیت پڑھ جائیے ہر ایک میں اسلامی تعلیمات کا نچوڑ ہے۔ ہم ہیں کہ بے شعوری کے عالم میں اسے پڑھ کر گزر جاتے ہیں، نہ غور و فکر کرتے ہیں، نہ تدبّر۔

اللہ تعالیٰ نے اہلِ ایمان کو یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا سے خطاب فرما کر جو ہدایات دی ہیں، ظاہر ہے وہ خصوصی ہدایات ہی ہوں گی تبھی تو بالاختصاص اہلِ ایمان کا نام لے کر خطاب فرمایا ہے۔ اس میں ذرہ برابر بھی شک نہیں کہ اہلِ ایمان کو، ایمان، تقویٰ، اطاعت وعظمت رسولؐ، انفاق فی سبیل اللہ، صبر و استقامت، دعوت الی الحق، حسنِ معاملات، حسنِ معاشرت، احکام اور عام ہدایات دی گئی ہیں۔

آج مسلمان بھی مادہ پرستی و جاہ و منصب کے حصول کے مرض میں بُری طرح مبتلا ہو چکا ہے۔ بالخصوص نفاق کا مرض تو زندگی کے ہر شعبہ میں سرایت کر چکا ہے۔ لہٰذا ہر اہلِ ایمان کو اپنا جائزہ خود لینا چاہیے اور ان ہدایات کے آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھنا چاہیے۔ اپنے اندر پائی جانے والی بیماریوں سے نجات کی فکر کرنی چاہیے تاکہ وہ پکا اور سچا مومن بن سکے۔

اس لحاظ سے کتاب میں مناسب محنت سے مواد جمع کیا گیا ہے۔ محترمہ خالدہ تنویر صاحبہ مستحقِ مبارک باد ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی سعی کو شرفِ قبولیت بخشے۔ آمین۔

(ع - و)

---

**۱۰ دن میں عربی بول چال** | مؤلف: محمد بابر راضی۔ ناشر: اسلامک پبلیکیشنز، ۱۳-ای شاہ عالم مارکیٹ لاہور۔ ضخامت: ۱۴۰ صفحات۔ قیمت: ۱۹/۵۰ روپے

اس مختصر سی کتاب میں بڑی مفید معلومات جمع کر دی گئی ہیں۔ اس بنا پر اسے عمدہ اچھی کتاب قرار دیا جا سکتا ہے ـــــ اس میں چھوٹے چھوٹے روزمرّہ بولے جانے والے عربی جملوں سے لے کر باہمی مکالموں تک کی عملی مشقیں جمع کر دی ہیں۔

اس میں امثال العرب کو لیا گیا ہے ۔ ریل کے سفر میں استعمال ہونے والے جدید عربی الفاظ، سرِ راہ گفتگو میں استعمال کیے جانے والے فقرات، دسترخوان پر بیٹھے ہوئے کلام کرنے کا طریقہ ۔ اشیائے خوردنی، سبزیات اور ترکاریاں، سبھی کے نام درج کیے ہیں ۔ دکاندار اور گاہک کے مابین گفتگو، جسم انسانی کے اعضاء، انسانی زندگی کی مختلف حالتیں بھی بیان کی گئی ہیں ۔ نیز ٹریولنگ ایجنسی، ڈاک خانہ، مواصلات، گھریلو ساز و سامان، بنک کے بارے میں عربی الفاظ، مملکت سے متعلق معلومات کیبنٹ کے ارکان، ممبرانِ مجلس اور عمارت اور اس کے متعلقات، فوج اور سیاست، تجارت کے بارے میں سارے الفاظ جمع کیے گئے ہیں ۔ آخر میں عربی میں پاکستان کے متعلق مکالمہ، دعوت نامے کے نمونے اور دعا پر کتاب ختم ہوتی ہے ۔

تھوڑے وقت میں زیادہ معلومات اور ذخیرۂ الفاظ سے واقفیت حاصل کرنے کے لیے اچھی کتاب ہے ۔ (ع ۔ س)

---

**کمپیوٹر کیا ہے؟** | جناب حکیم نعیم الدین زبیری ۔ ناشر: نونہال ادب، ہمدرد فاؤنڈیشن پریس، کراچی ۔ صفحات: ۵۲، مصوّر، غیر مجلد ۔ قیمت ۸/ روپے ۔

کہا جاتا ہے کہ جس طرح بجلی کی دریافت نے انسانی زندگی میں انقلابِ عظیم برپا کر دیا ۔ اسی طرح کمپیوٹر ہماری دنیا کو کچھ سے کچھ بنا دے گا ۔ یہ حیرت انگیز مشین ہماری زندگی میں حیران کن سہولتیں فراہم کر رہی ہے ۔ اور اس کی کارکردگی ترقی پذیر ہے ۔

حکیم نعیم الدین زبیری صاحب نے اس رسالے میں کمپیوٹر کی تاریخ، ساخت اور کارکردگی کے بارے میں مکمل معلومات فراہم کی ہے ۔ اور ایسے آسان انداز میں کہ ہر بات بالکل آسانی سے سمجھ میں آتی چلی جاتی ہے ۔ وضاحت کے لیے تصاویر بھی شامل کی گئی ہیں ۔ ہمارے نزدیک یہ ایک انتہائی مفید کوشش ہے ۔ ہمدرد فاؤنڈیشن پریس کراچی نے اسے بہت توجہ اور سلیقے سے شائع کیا ہے ۔ قیمت نہایت مناسب، بلکہ بہت کم ہے ۔ (ن ۔ ز)

---

**پیغام ڈائجسٹ لاہور** مدیرِ اعلیٰ : علی المرتضیٰ - بہ تعاونِ مجلس ادارت -
قیمت فی پرچہ چار روپے - سالانہ چالیس روپے - پتہ: ا - اے ذیلدار پارک
اچھرہ - لاہور -

بچوں کے لیے جو رسائل شائع ہو رہے ہیں - ان میں پیغام ڈائجسٹ کو یہ خصوصیت حاصل ہے کہ اسے اسلامی جمعیت طلبہ کے ہونہار کارکن مرتب اور شائع کرتے ہیں - جلد ۳ کا شمارہ اپریل ۱۹۹۱ء ہمارے سامنے ہے اور ہم کہہ سکتے ہیں کہ اسے طلبہ کے لیے زیادہ سے زیادہ مفید بنایا گیا ہے ، بالخصوص اس کی یہ خوبی تو بہت ہی لائقِ تحسین ہے کہ موجودہ اہم قومی اور ملی مسائل جہاد افغانستان اور جہاد کشمیر سے متعلق کہانیاں اور نظمیں شامل کی گئی ہیں - یہ رسالہ بچوں کے لیے ہر لحاظ سے مفید ہے - توسیعِ اشاعت میں حصہ لینا چاہیے - (ن - ز)

---

**دربارِ رسالت ﷺ** مرتبہ : گُل بخشالوی - ناشر: قلم قبیلہ ، کھاریاں ، پاکستان -
ضخامت : ۲۴۲ صفحات - سائز ۲۲ × ۱۸ غیر مجلد - قیمت /۱۰۰ روپے

نعتوں کے اس مجموعے میں ۱۲۵ شاعروں کی منتخب نعتیں شائع کی گئی ہیں - فاضل مرتب نے ان شعراء کے پتے بھی شامل کر دیئے ہیں -

گُل بخشالوی صاحب خود بھی ایک اچھے شاعر ہیں اور دوسرے شاعروں کے کلام کے انتخاب کا عمدہ شعور رکھتے ہیں - اس سے پہلے وہ غزلوں کا انتخاب شائع کر کے شہرت حاصل کر چکے ہیں - ہمیں امید ہے کہ ان کا یہ کام بھی اہلِ نظر سے داد حاصل کرے گا -

ہم اس مجموعے کو خریدنے کی پُرزور سفارش کرتے ہیں - ہمارے دور میں جو نعتیہ مجموعے شائع ہوتے ہیں - یہ مجموعہ ان میں ایک قیمتی اضافہ ہے -

(ن - ز)

---

**اسلام اور نظریۂ مساواتِ مرد و زن** مصنف: مولانا محمد رفیق چودھری۔
ناشر: ادارۂ معارفِ اسلامی، منصورہ، لاہور۔ صفحات: ۱۹۹۔ سائز ۱۸×۲۲/۸ ۱
غیر مجلد۔ قیمت: ۳۹/- روپے۔

خرد کا نام جنوں رکھ لینے کے رجحان، بلکہ سازش کا ایک کرشمہ یہ بھی ہے کہ مغرب کا مضبوط پریس اسلام کو عورت کے حقوق کا غاصب ثابت کرنے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور صرف کرتا رہا ہے۔ اس خطرناک کے نام نہاد مصلحین نے عورت کو (بزعم خود) معززکرنے کا ایک نسخہ خود ایجاد کیا اور اس نے عورت کو اس طرح ذلیل کر دیا کہ اسلام کے لباس فاخرہ کا ایک تار بھی اس کے جسم پر باقی نہ رہا۔

محترم مولانا محمد رفیق چودھری نے اس کتاب میں یورپ و امریکہ کی نام نہاد حریت نسواں اور اسلام کے عطا کردہ حقوق کا تقابلی مطالعہ کیا ہے اور دستاویزی ثبوت پیش کر کے بہت منظم انداز میں پھیلائی ہوئی غلط فہمیوں کا ازالہ کر دیا ہے۔ ہمارے نزدیک یہ کتاب لکھ کر چودھری صاحب نے طبقۂ نسواں کی قابل قدر خدمت انجام دی ہے۔ ہم اس کے مطالعہ کی پرزور سفارش کرتے ہیں۔ بچیوں کو اس کے مطالعے کی نہ صرف ترغیب دینی چاہیے، بلکہ بہت کوشش کر کے اس کے مطالعے کا موقع فراہم کرنا چاہیے۔ نہ صرف پاکستان بلکہ پورے انسانی معاشرے کے سدھار کا انحصار عورت کے سدھار پر ہے اور شعور سے لکھی ہوئی ایسی کتابیں ذہنوں کے جالے اتارنے میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔ (ن-ز)

---

**اسلام اور جدید ریاستی نظام** (خصوصی مطالعہ ایران و پاکستان) از جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد سرور صاحب۔ ناشر: مکتبہ تعمیر انسانیت۔ اردو بازار، لاہور۔
قیمت: ۹۰/- روپے (سفید کاغذ پر اعلیٰ طباعت)

زیر نظر کتاب کا مقصد اسلامی نظامِ زندگی کا ایسا خاکہ مرتب کرنا ہے کہ جو ایک طرف تو جدید سیاسی تقاضوں سے عہدہ برآ ہونے کی صلاحیت سے پوری طرح بہرہ ور ہو۔

تو دوسری طرف اسلامی تہذیب، ورثہ اور اُس کی رُوح سے بھی پوری طرح مطابقت رکھتا ہو۔

اس قسم کے موضوعات پر ٹھوس، مدلل اور مؤثر انداز سے ایسے دانشور ہی قلم آرائی کر سکتے ہیں، جو جدیدیت کے چیلنجوں اور عصرِ حاضر کی فکری یلغار کی نوعیت پر عمیق نظر رکھنے کے ساتھ ساتھ اسلامی روایت اور موجودہ تہذیبی تقاضوں کو بھی پوری طرح سمجھتے ہوں۔ فاضل مصنف اس اعتبار سے اپنی اس کاوش میں کامیاب نظر آتے ہیں۔

کتاب کا اسلوب نہایت دلنشین، عالمانہ اور اس کے ساتھ ساتھ عام فہم ہے۔ مغربی افکار اور ہم عصر سیکولر تحاریک مثلاً مغربی لبرل ازم، اشتراکیت اور دیگر عقلیت پسندانہ تحریکوں کی نوعیت اور اقسام کا غیر جانب دارانہ تجزیہ کر کے اسلام کی تعلیمات سے ان کا موازنہ کیا گیا ہے۔ بلاشبہ عالمِ اسلام میں کارفرما جدید سیاسی رجحانات اور درپیش چیلنجوں کو سمجھنے کے لیے یہ کتاب اسلامی لٹریچر میں ایک گراں قدر اضافہ ہے۔

---


## نئے ٹیلیفون نمبرز

قارئین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ہمارے ٹیلیفون نمبرز تبدیل ہو گئے ہیں۔

| پرانے نمبر | نئے نمبر |
|---|---|
| ۳۲۴۴۶۸ | ۲۳۶۶۶۵ |
| ۶۸۶۳۶ | ۲۳۴۰۱۴ |

اس تبدیلی کے دوران جو زحمت آپ کو ہوئی اُس کے لیے ہم معذرت خواہ ہیں۔

ادارہ ترجمان القرآن (پرائیویٹ) لمیٹڈ

رحمان مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور